## وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

اور یاد کرو اللہ کو بہت سا، شاید تمہارا بھلا ہو۔

# الْجُمُعَة

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلْأَرْضِ

اللہ کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ آسمانوں میں (ہے) اور زمین میں،

ٱلْمَلِكِ ٱلْقُدُّوسِ ٱلْعَزِيزِ ٱلْحَكِيمِ ﴿١﴾

(اللہ جو) بادشاہ (ہے)، پاک ذات، زبردست حکمت والا۔

هُوَ ٱلَّذِى بَعَثَ فِي ٱلْأُمِّيِّۦنَ رَسُولًا مِّنْهُمْ

وہی ہے جس نے اُٹھایا اَن پڑھوں (اُمیوں) میں ایک رسول اُن ہی میں کا (ہے)،

يَتْلُواْ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتِهِۦ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ

پڑھتا ان پاس اسکی آیتیں اور انکو سنوارتا اور سکھاتا کتاب اور عقلمندی۔

وَإِن كَانُواْ مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٢﴾

اور اس سے پہلے تھے وہ صریح بھلاوے میں۔

وَءَاخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُواْ بِهِمْ

اور ایک اوروں کے واسطے انہی میں سے جو ابھی نہیں ملے ان میں۔

وَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ ﴿٣﴾

اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

ذَٰلِكَ فَضۡلُ ٱللَّهِ يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُۚ

یہ بڑائی اللہ کی ہے، دیتا ہے جس کو چاہے۔

وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ ﴿٤﴾

اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

مَثَلُ ٱلَّذِينَ حُمِّلُواْ ٱلتَّوۡرَىٰةَ ثُمَّ لَمۡ يَحۡمِلُوهَا كَمَثَلِ ٱلۡحِمَارِ يَحۡمِلُ أَسۡفَارَۢاۚ

کہاوت انکی جن پر لادی تورات، پھر نہ اُٹھائی اُنہوں نے، جیسے کہاوت گدھے کی، پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابیں۔

بِئۡسَ مَثَلُ ٱلۡقَوۡمِ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِۚ

بُری کہاوت ہے ان لوگوں کی، جنہوں نے جھٹلائیں اللہ کی باتیں۔

وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٥﴾

اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔

قُلۡ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ هَادُوٓاْ إِن زَعَمۡتُمۡ أَنَّكُمۡ أَوۡلِيَآءُ لِلَّهِ مِن دُونِ ٱلنَّاسِ

تو کہہ، اے یہود ہونے والو! اگر تم دعوے کرتے ہو کہ تم دوست ہو اللہ کے سب لوگوں کے سوا،

فَتَمَنَّوُاْ ٱلۡمَوۡتَ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ﴿٦﴾

تو مناؤ (تمنا کرو) مرنے کو، اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُۥٓ أَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۚ وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِٱلظَّـٰلِمِينَ ﴿٧﴾

اور کبھی نہ مناویں (تمنا کریں) گے مرنا، جس واسطے آگے بھیج چکے ہیں انکے ہاتھ۔ اور اللہ کو خوب معلوم ہیں گناہگار۔

قُلْ إِنَّ ٱلْمَوْتَ ٱلَّذِى تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُۥ مُلَـٰقِيكُمْ ۖ

تو کہہ، موت وہ ہے جس سے تم بھاگتے ہو، سو وہ تم سے ملتی ہے،

ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَـٰلِمِ ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَـٰدَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾

پھر پھیرے (پیش کیے) جاؤ گے اُس چھپا اور کھلا جاننے والے پاس، پھر جتائے گا تم کو جو کرتے تھے۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟

اے ایمان والو!

إِذَا نُودِىَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوْمِ ٱلْجُمُعَةِ فَٱسْعَوْا۟ إِلَىٰ ذِكْرِ ٱللَّهِ وَذَرُوا۟ ٱلْبَيْعَ ۚ

جب اذان ہو نماز کی دن جمعہ کے تو دوڑ و اللہ کی یاد کو اور چھوڑ دو بیچنا۔

ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩﴾

یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم کو سمجھ ہے۔

فَإِذَا قُضِيَتِ ٱلصَّلَوٰةُ فَٱنتَشِرُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ وَٱبْتَغُوا۟ مِن فَضْلِ ٱللَّهِ

پھر جب تمام ہو چکے نماز تو پھیل پڑو زمین میں اور ڈھونڈو فضل اللہ کا،

وَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾

اور یاد کرو اللہ کو بہت سا، شاید تمہارا بھلا ہو۔

وَإِذَا رَأَوْا۟ تِجَٰرَةً أَوْ لَهْوًا ٱنفَضُّوٓا۟ إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَآئِمًا ۚ

اور جب دیکھیں سودا بکتا یا تماشا، کھنڈ (لپک) جائیں اسکی طرف اور تجھ کو چھوڑ جائیں کھڑا۔

قُلْ مَا عِندَ ٱللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ ٱللَّهْوِ وَمِنَ ٱلتِّجَٰرَةِ ۚ

تو کہہ، جو اللہ کے پاس ہے بہتر ہے تماشے سے، اور سودے سے۔

وَٱللَّهُ خَيْرُ ٱلرَّٰزِقِينَ ﴿١١﴾

اور اللہ بہتر ہے روزی دینے والا۔

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**